شائع کیا ہے جو بہت خوب صورت ہے اور ہر لحاظ سے معیاری۔ عربی متن بہت صاف اور اعراب کے ساتھ ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر دے۔ (مسلم سجاد)

**مسلم دنیا' ۹۷-۱۹۹۶'** تحریر و تحقیق: فیض احمد شہابی۔ ناشر: مکتبہ معارف اسلامی' منصورہ' ملتان روڈ' لاہور۔ صفحات: ۸۱۷۔ قیمت: درج نہیں۔

یہ کتاب مسلم اقلیتوں کے حالات و واقعات اور اسلامی ملکوں میں ہونے والی تبدیلیوں کا جامع ریکارڈ ہے۔ ادارہ معارف اسلامی اس سے قبل بھی اس طرح کی ایئربک (شمارہ ۱'۲'۳) پیش کر چکا ہے۔ موجودہ شمارہ (۴'۵'۶) ۱۹۹۶ اور ۱۹۹۷ کے حالات پر مبنی ہے۔

حالات عالم تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں (جس کے نتیجے میں فاصلے بالکل سمٹ چکے ہیں)۔ مسلم امت کو بھی اسی تیزی کے ساتھ ایک دوسرے کے مسائل و حالات اور تجربات سے آگاہی کی اشد ضرورت ہے۔ اطلاعات و نشریات کے اس دور میں باہمی بے خبری کا کوئی جواز نہیں ہے۔ اس تالیف میں ممالک کے بارے میں معلومات حروف تہجی کی ترتیب سے دی گئی ہیں۔ پہلے بنیادی معلومات (طرز حکومت' رقبہ' آبادی' آمدنی وغیرہ) فراہم کی گئی ہیں' بعدازاں پچھلے پانچ سات برسوں میں ہونے والے واقعات کا مختصر احاطہ کیا گیا ہے اور اس کے بعد ۹۷-۱۹۹۶ میں ہونے والے واقعات اور ان کے پیش منظر و پس منظر کا ذکر ہے۔ اس طرح قاری کو ایک واضح رائے قائم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ واقعات کے اندراج میں حتی المقدور صحت کا خیال رکھا گیا ہے۔ تاہم کچھ ممالک کے تازہ ترین حالات نہیں آ سکے' مثلاً البانیہ کے تذکرے میں ۱۹۹۴ کے بعد کے حالات کا ذکر نہیں ہے جبکہ وہ شدید بحران سے گزرا ہے۔

اس اہم مجلّے کی تیاری پر جو محنت کی گئی ہے' وہ قابل داد ہے۔ لائبریریوں' طلبا' علما' قانون دان' مقابلے کے امتحانات میں شرکت کرنے والوں اور امت مسلمہ کے حالات سے دلچسپی رکھنے والے عام قارئین کے لیے بھی یہ نادر تحفہ ہے۔ (محمد ایوب منیر)

**روزہ اور رمضان'** مرتبہ: خرم مراد۔ ناشر: منشورات' منصورہ' لاہور۔ صفحات: ۸۶۔ قیمت: ۱۵ روپے' فی سیکڑہ: ایک ہزار روپے۔

مرحوم خرم مراد نے' اپنے زمانہ ادارت میں روزے اور رمضان سے متعلق بعض اکابر اور بعض معاصر علما کی منتخب تحریریں ترجمان القرآن میں شائع کی تھیں۔ اسی انتخاب کو اب ایک مضمون کے اضافے کے ساتھ زیر نظر کتاب کی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ لکھنے والے: سید قطب' امام غزالی' شاہ ولی اللہ' سید